# اپنے بچے کو RSV سے بچائیں



## اب آپ اپنے بچے کو نظام تنفّس کے خلیات میں وائرس (RSV) سے بچا سکتے ہیں۔

### RSV کیا ہے اور مجھے اپنے بچے کو اس سے کیوں بچانا چاہیے؟

RSV ایک عام وائرس ہے جو چھوٹے بچوں میں تنفسی انفیکشنز پیدا کرتا ہے۔ تین ماہ سے کم عمر بچوں پر بڑے بچوں کی بہ نسبت RSV کا زیادہ اثر ہوتا ہے۔

آئرلینڈ میں ہر موسم سرما کے دوران ہر دو میں سے ایک ننھے بچے کو RSV ہو جاتا ہے اور اکثر کو اپنے GP یا بچوں کے ہسپتال میں ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ سے طبی نگہداشت کی ضرورت پڑتی ہے۔ ہر سو میں سے چار ننھے بچوں کو RSV کی وجہ سے ہسپتال میں داخل کیا جاتا ہے اور کچھ بچوں کو انتہائی نگہداشت کے یونٹس میں خصوصی علاج کی ضرورت ہوتی ہے۔

آپ کے بچے کو RSV سے بچانے کا بہترین طریقہ نرسویمیب ہے۔

## میں اپنے بچے کو RSV سے کیسے بچا سکتا /تی ہوں؟

اب آپ کے بچے کے لیے نرسویمیب نامی حفاظتی ٹیکہ تجویز کیا جا رہا ہے۔ یہ آپ کے بچے کو موسم سرما کے مہینوں میں RSV انفیکشن سے بچائے گا۔

نرسویمیب ایک واحد انجیکشن ہے جسے بچے کی ران کے پٹھے میں لگایا جاتا ہے۔ یہ مفت ہے۔ آپ کو زچہ بچہ ہسپتال سے گھر جانے سے پہلے بچے کے لیے حفاظتی ٹیکہ دیا جائے گا۔

حفاظتی ٹیکے کے اہل بڑے بچوں کے لیے HSE ویب سائٹ پر اپائنٹمنٹ لی جا سکتی ہے۔

## نرسویمیب کیا ہے اور یہ کیسے عمل کرتی ہے؟

نرسویمیب ایک اینٹی باڈی ہے جو RSV سے بچا سکتی ہے۔ یہ ویکسین سے مختلف ہوتی ہے جو مدافتی نظام کو اینٹی باڈیز بنانے پر اکساتی ہے۔ اس کے بجائے نرسویمیب آپ کے شیر خوار بچے کو براہ راست اینٹی باڈیز فراہم کرتی ہے۔ نیرسیماب شیر خوار بچے کی دیگر ویکسینز یا ادویات میں مداخلت نہیں کرتی اور اسے دیگر انجیکشنز کے ساتھ دیا جا سکتا ہے۔

## میرے بچے کو RSV سے بچانے کے کیا فائدے ہیں؟

نرسویمیب بےحد مؤثر ہے اور ۸۰ فیصد سے زائد RSV انفیکشنز کا انسداد کرتی ہے۔ یہ RSV انفیکشن کی وجہ سے آپ کے بچے کو ہسپتال میں علاج کی ضرورت ہونے یا دیگر پیچیدگیوں کے خطرہ کو بھی کم کرتی ہے۔

یہ فورا عمل کرتی ہے تاکہ جب آپ کا بچہ ہسپتال سے جائے اور ایسے ماحول میں داخل ہو جہاں RSV پھیل سکتا ہے، جیسے گھر یا کمیونٹی میں، تو وہ محفوظ رہے۔

نرسویمیب آپ کے بچے کوموسم سرما کے دوران کم از کم پانچ ماہ تک RSV سے محفوظ رکھے گی، جب RSV کی سطح سب سے زیادہ ہوتی ہے۔

آئرلینڈ میں محکمۂ صحت، HSE اور قومی مامونیت کی مشاورتی کمیٹی (NIAC) کی طرف سے نرسویمیب تجویز کی جاتی ہے۔ یورپ کے دیگر ممالک، امریکہ اور آسٹریلیا میں بھی RSV کے حفاظتی ٹیکے سے تجویز دی جاتی ہے۔

## کیا نیرسویماب میرے بچے کے لیے محفوظ ہے؟

تفصیلی کلینکل ٹرائلز، بڑے سائنسی مطالعات اور یورپ میں نرسویمیب کے حفاظتی ٹیکے کے دیگر پروگرامز کے تجربات سے ظاہر ہوا ہے کہ نرسویمیب محفوظ و مؤثر ہے۔ نرسویمیب کو ۲۰۲۲ میں یورپی ادویات کی ایجنسی (EMA) کی طرف سے لائسنس دیا گیا تھا۔

## مضر اثرات کیا ہیں؟

مضر اثرات عام نہیں ہیں۔ نرسویمیب لگوانے والے ۱ فیصد سے کم بچوں میں ہلکے پھلکے اثرات کی اطلاع دی جاتی ہے۔ ان میں درج ذیل شامل ہیں:

- جلد کا سرخ ہونا جہاں بچے کو انجکشن دیا گیا تھا
- ہلکا بخار،
- ہلکی خراش۔

الرجک ردعمل یا انتہائی حساسیت کی شاذ ہی اطلاع دی جاتی ہے۔ انجیکشن کے بعد آپ کے بچے کی نگرانی کی جائے گی۔

نرسویمیب کے حفاظتی ٹیکے میں RSV وائرس نہیں ہوتا اور یہ RSV سے متعلقہ بیماری کا باعث نہیں بن سکتی۔

آپ کا نگہداشت صحت کا کارکن آپ کے تمام سوالات کے جوابات دے گا۔

## متبادلات کیا ہیں؟

اگر آپ اپنے بچے کو نرسویمیب نہ دینے کا فیصلہ کریں تو اسے RSV سے تحفظ نہیں ملے گا۔

بچوں اور بڑوں میں RSV پھیل رہا ہو گا اور آپ کا بچہ متاثر ہو کر بیمار پڑ سکتا ہے۔

اگر آپ اپنے بچے کو RSV کے خلاف امیونٹی فراہم نہ کرنے کا فیصلہ کریں تو آپ کو اپنے بچے کو RSV ہونے کا خطرہ کم کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے:

- اپنے ہاتھ اچھی طرح صاف کرنا
- بھیڑ والی جگہوں سے گریز کرنا
- اور نزلہ زکام یا دیگر انفیکشن میں مبتلا لوگوں سے رابطے کو محدود کرنا۔

اگر آپ کا ارادہ بدل جائے اور آپ اپنے بچے کو RSV سے محفوظ کرنا چاہیں تو اس زچہ بچہ ہسپتال سے رابطہ کریں جہاں آپ کا بچہ پیدا ہوا تھا۔

## کس کو نیرسیماب نہیں لینا چاہئے؟

اگر آپ کا نگہداشت صحت کا کارکن سمجھے کہ آپ کے بچے کو نیرسیماب نہیں لگوانی چاہیے تو وہ اس کا مشورہ دے سکتے ہیں۔ نیرسیماب لگوانے کے وقت آپ کے بچے کو تندرست ہونا چاہیے۔ اگر آپ کے بچے کی کسی بھی کیفیت کے لیے نگرانی کی جا رہی ہے، جیسے کہ اس کے خون میں مسائل، انفیکشن، سانس لینے میں دشواری یا کم بلڈ شوگر، تو آپ کے بچے کے صحت یاب ہونے تک نیرسیماب دینے میں تاخیر ہو سکتی ہے۔

## میں مزید کہاں سے جان سکتا /تی ہوں؟

آپ کا نگہداشت صحت کا کارکن آپ سے نیرسیماب کے حفاظتی ٹیکے کے بارے میں بات کرے گا اور وہ آپ کے ہر سوال کا جواب دے گا۔ اگر آپ اپنے بچے کو RSV سے بچانے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ سے اپنے بچے کو انجکشن لگوانے کے لیے زبانی رضامندی دینے کو کہا جائے گا۔

**HSE** سے مزید معلومات کے لیے
**www.hse.ie/RSV**

یورپی ادویات کی ایجنسی سے مریض کی معلومات دیکھنے کے لیے ملاحظہ کریں:
**www.ema.europa.eu/en/medicines/human/EPAR/beyfortus**